**02.10.2025**
**21.15 Hrs.**
**HL**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد
**Music**

..................................

- ☆ بھارت اور چین نے اِس ماہ کے آخر تک براہِ راست فضائی خدمات بحال کرنے سے اتفاق کیا ہے۔
- ☆ ملک آج بابائے قوم مہاتما گاندھی اور آنجہانی وزیر اعظم لال بہادر شاستری کو اُن کے یومِ پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کر رہا ہے۔
- ☆ ملک بھر میں دسہرہ اور وِجے دشمی کے تہوار پورے مذہبی جوش وخروش کے ساتھ منائے جارہے ہیں۔
- ☆ چھتیس گڑھ میں 103 ماؤنوازوں نے بیجاپور ضلع میں آج سکیورٹی فورسز کے سامنے خودسپردگی کی۔
- ☆ قومی دَھن وَنتری آیوروید ایوارڈ 2025 پروفیسر بنواری لال گوڑ، ویدیہ Neelakandhan Mooss E.T. اور ویدیہ بھاونا پراشر کو اِس شعبے میں اُن کی خدمات کیلئے دیا گیا ہے۔
- ☆ احمد آباد ٹیسٹ کرکٹ میں آج پہلے دن کا کھیل ختم ہونے تک بھارت نے ویسٹ انڈیز کے خلاف دو وکٹ پر 121 رن بنائے تھے۔

..................................

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

### India China

بھارت اور چین نے، دونوں ملکوں میں نامزد مقامات کو منسلک کرنے والی براہ راست فضائی خدمات کو اکتوبر کے اواخر سے بحال کرنے سے اتفاق کرلیا ہے۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا کہ دونوں ملکوں کے شہری ہوا بازی کے حکام، براہِ راست فضائی خدمات کو بحال کرنے اور ایک نظرثانی شدہ فضائی خدمات کے سمجھوتے پر تکنیکی سطح کے مذاکرات میں مصروف ہیں۔ یہ مصروفیت اِس سال کے اوائل سے جاری ہے جو کہ بھارت اور چین کے درمیان تعلقات کو بتدریج معمول پر لانے کے سلسلے میں حکومت کے اندازِ نظر کا ایک حصہ ہے۔x

### Gandhi and Shastri

آج ملک نے بابائے قوم مہاتما گاندھی کو، اُن کے 156ویں یومِ پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اِس موقع پر پورے ملک میں بہت سے پروگراموں کا اہتمام کیا گیا۔ آج شام گاندھی اسمرتی پر ’’سَرو دھرم پرارتھنا سَبھا‘‘

کا اہتمام کیا گیا۔ اِس میں نائب صدر جمہوریہ CP رادھا کرشنن، وزیرِ اعظم نریندر مودی اور دیگر عمائدین نے شرکت کی۔ انھوں نے بابائے قوم کو گلہائے عقیدت بھی نذر کیے۔ اس موقع پر بھجن گانے والے معروف گلوکار انوپ جلوٹا نے، اسکول کے بہت سے بچوں کے ساتھ بھجن گائے۔

**S/B: Bhajan- Gandhi Smriti**

آج صبح، صدر جمہوریہ، نائب صدر جمہوریہ اور وزیر اعظم نے راج گھاٹ پر مہاتما گاندھی کو گلہائے عقیدت نذر کیے۔ دنیا بھر سے بھی خراج عقیدت کے پیغام موصول ہوئے ہیں۔

کولمبو کے سوامی وویکانند ثقافتی مرکز میں اِس موقع پر مہاتما گاندھی کی حیات و خدمات پر تقریر پیش کی گئی۔ اپنی تقریر میں کولمبو یونیورسٹی میں Pali Studies کے ایمریٹس پروفیسر، Prof. Asanga Tillekaratne نے مہاتما گاندھی کی زندگی کے بارے میں کہا کہ یہ، گوتم بودھ کی زندگی کے متوازی ہے۔ پروفیسر Tillekaratne نے واضح کیا کہ مہاتما گاندھی انصاف اور آزادی کیلئے مصمم عزم رکھتے تھے۔ملک آج ہی سابق وزیرِ اعظم لال بہادر شاستری کا بھی یومِ پیدائش منا رہا ہے۔ شاستری جی کو اُن کے 121ویں سالگرہ کے موقع پر خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ لال بہادر شاستری، ایک غیر معمولی محب وطن تھے، جن کی دانشوری، انکساری اور عزم نے، چیلنج کے دور میں بھی ملک کو مستحکم کیا۔x

## Dushehra

آج ملک بھر میں وجے دشمی اور دسہرہ کے تہوار منائے جارہے ہیں۔ دسہرہ بھگوان رام کی راون پر فتحیابی کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ یہ برائی پر نیکی کی جیت کی علامت ہے۔ وجے دشمی نوراتری کے اختتام پر منائی جاتی ہے۔ اور درگا پوجا، درگا دیوی کی Mahishasura پر جیت کی یاد میں منائی جاتی ہے۔ دلّی میں دسہرہ پورےجوش وخروش کے ساتھ منایا گیا۔ تقریباً ہر علاقے میں راون، کنبھ کرن اور میگھناتھ کے پتلوں کو جلایا گیا۔پیش ہے ایک رپورٹ

**VC Delhi Ramleela**

دلّی میں راون دَہن کی اہم تقریب لال قلعے پر منعقد ہوئی جہاں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے دسہرہ تقریبات میں شرکت کی۔ لو کُش رام لیلا کمیٹی کی جانب سے منعقدہ اِس تقریب میں کئی اہم شخصیات، سیاستداں اور شہر بھر سے بڑی تعداد میں لوگ شریک ہوئے۔ عقیدتمند اور سیاح، شہر کے مختلف حصوں میں منعقد ہونے والی قابل نظارہ آتش بازی اور رام لیلا دیکھنے کی غرض سے بڑی تعداد میں جمع ہوئے۔

سپرنا سائیکیہ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں عبدالحفیظ

پنجاب میں ریاستی پولیس نے دسہرے کے تہوار کو منانے کا ایک منفرد طریقہ اختیار کیا اور اس نے اس موقع پر منشیات کی لعنت کے بارے میں عوام کو بیدار کیا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**VC Rajesh Bali**

منشیات کے خلاف بیداری پیدا کرنے کی غرض سے اپنی نوعیت کے ایک بالکل نئے خیال پر عمل کرتے

ہوئے جالندھر پولیس کمشنریٹ نے شہر میں کچھ مقامات پر راون، میگھناتھ اور کنبھ کرن کے پتلوں کے ساتھ ساتھ منشیات کی اِس سماجی برائی کا ایک چوتھا پُتلا بھی تیار کیا تھا۔ یہ ایک ایسی لعنت ہے جس نے پنجاب میں کئی نوجوانوں کی زندگی تباہ کی ہے۔ Nasheyan Da Rakshas یعنی منشیات کے راکشش کے نام سے اِس کا پُتلا جلایا گیا جس سے منشیات کے استعمال کو روکنے کا پیغام دیا گیا۔ یہ قدم اِس لعنت کے خلاف پنجاب کی لڑائی کے پیغام کو بھی ظاہر کرتا ہے۔ البتہ یہ ریاست کے عوام پر منحصر ہے کہ وہ اِس برائی پر فتحیابی کے مثبت راستے تلاش کریں جو خود اُنھیں کے اہل خانہ کو ہلاک کرتی رہی ہے۔

جالندھر سے راجیش کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اصغر علی

## Chhatisgarh Surrender

چھتیس گڑھ میں 23خواتین سمیت 103ماؤنوازوں نے بیجاپور ضلع میں آج سیکیورٹی فورسز کے سامنے خود سپردگی کردی۔ اِن میں سے 49ماؤنوازوں کی گرفتاری پر مجموعی طور پر ایک کروڑ 6لاکھ روپے کا انعام تھا۔ یہ کئی برسوں سے مختلف ماؤنواز تنظیموں سے جڑے رہے ہیں۔ریاستی حکومت کی باز آبادکاری کی پالیسی کے تحت خود سپردگی کرنے والے ہر ماؤنواز کو 50ہزار روپے کی ترغیبی رقم دی جاتی ہے۔ اِس برس اب تک ضلع میں کُل 410 ماؤنوازوں نے خود سپُردگی کی ہے۔ x

## Amit Shah Khadi

وزیر داخلہ امت شاہ نے ملک کے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ہر سال کم سے کم پانچ ہزار روپئے مالیت کی کھادی کی مصنوعات خریدیں۔ انھوں نے کہا کہ اِس طرح کا اقدام لاکھوں افراد کو روزگار فراہم کرے گا اور اُن کی زندگی کو بہتر بنائے گا۔ آج نئی دلّی میں کھادی مصنوعات پر ملک گیر رعایت کی فروخت کا آغاز کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ کھادی اور ولیج صنعت کی مصنوعات کی فروخت میں، پچھلے 11سالوں میں پانچ گنا اضافہ ہوا ہے، جو 33ہزار کروڑ روپئے سے بڑھ ایک لاکھ 70ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ ہوگئی ہے۔

S/B Amit Shah

## Vaishnaw NIELIT

الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے آج نئی دلّی میں الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے قومی انسٹی ٹیوٹ NIELIT ڈیجیٹل یونیورسٹی NDU پلیٹ فارم کا افتتاح کیا۔ یہ پلیٹ فارم، اعلیٰ معیار کی ڈیجیٹل تعلیم تک سب کی رسائی کی غرض سے تیار کیا گیا ہے۔ وزیر موصوف نے بہار کے مظفر پور، اڈیشہ کے بالاسور، آندھرا پردیش کے تیروپتی، میزورم کے Lunglei اور دَمن میں پانچ NIELIT مراکز کا ورچوئل طریقے سے افتتاح کیا۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے وزیر موصوف نے اطلاع دی کہ NIELIT، تعلیم مہیا کرانے کے سلسلے میں کام کرے گا، جس کی طلبہ کو ڈیجیٹل اعتبار سے صنعتی تقاضوں کے تحت ضرورت ہے۔ جناب ویشنو نے اِس

بات کو بھی اجاگر کیا کہ NIELIT ڈیجیٹل یونیورسٹی، ٹائر– 2اور ٹائر– 3شہروں سمیت دور دراز علاقوں میں کس طرح تکنیکی تعلیم فراہم کرنے کے وزیر اعظم نریندر مودی کے عزم کو پورا کرتی ہے۔

S/B: Vaishnaw

## Vaishnaw Electronics

الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے آج کہا کہ الیکٹرانکس کُل پرزوں کی مینوفیکچرنگ سے متعلق اسکیم، ECMS کو ملک اور بین الاقوامی صنعتوں کی جانب سے بے مثال ردّ عمل ملا ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے وزیر موصوف نے بتایا کہ حکومت کو ایک لاکھ 15ہزار 351 کروڑ روپے کی مالیت کی سرمایہ کاری کی درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔ وزیر موصوف نے بتایا کہ 59ہزار 350 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کے نشانے کیلئے ایک لاکھ 15ہزار کروڑ روپے کی مالیت کی درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔ 4لاکھ 56 ہزار 500 کروڑ روپے کی مینوفیکچرنگ کے نشانے کیلئے اندازاً 10لاکھ کروڑ روپے کی مینوفیکچرنگ کی درخواستیں ملی ہیں۔ اِس اسکیم کے تحت 91ہزار 600روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے نشانے سے کہیں زیادہ بڑھ کر ایک لاکھ 41ہزار براہ راست ملازمتوں کے مواقع پیدا ہوجانے کا اندازہ لگایا گیا ہے اور اِس سے کئی گنا زیادہ بالواسطہ ملازمتوں کے مواقع بڑے پیمانے پر روزگار پیدا کرنے کی اِس کی صلاحیت کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

S/B: Ashwini Vaishnaw

ECMS کے تحت درخواست کی وِنڈو تین ماہ کی ابتدائی مدت کیلئے کھولی گئی تھی، جس کا آغاز اِس برس پہلی مئی کو ہوا تھا، پھر اِس کی تاریخ 30 ستمبر تک بڑھا دی گئی تھی۔ x

## Ayush Dhanwantri Awards

آیوش کی وزارت نے پروفیسر بنواری لال گوڑ، ویدیہ Neelakandhan Mooss E.T. اور ویدیہ بھاونا پراشر کو تعلیمی، روایتی اور سائنٹفک شعبوں میں اُن کی غیر معمولی خدمات کے اعتراف میں قومی دَھن وَنتری آیورویدایوارڈ 2025دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ آیوش کی وزارت نے بتایا کہ یہ ایوارڈ اُن افراد کی خدمات کا اعتراف ہیں جنھوں نے آیوروید کے فروغ، تحفظ اور اِس کی ترقی میں اثرانگیز خدمات انجام دی ہیں۔ وزارت نے کہا ہے کہ اِس برس کے ایوارڈ یافتگان کلاسیکی دانشوری، زندہ روایت اور سائنٹفک اختراعات کے ایک منفرد اتصال کی نمائندگی کرتے ہیں۔

## GST Reforms Tourism

وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے اعلان کردہ جی ایس ٹی بچت اتسو، جو گزشتہ ماہ کی 22 تاریخ سے شروع ہوا ہے، سماج کے تمام طبقوں کو فائدہ پہنچارہا ہے۔ اگلے دور کی جی ایس ٹی اصلاحات بھارت کے بالواسطہ ٹیکس نظام کو آسان بنانے کی سمت میں ایک اہم قدم ہیں۔ ان اصلاحات کے تحت مختلف اشیاء اور خدمات پر ٹیکس کی شرح میں کمی کی گئی ہے، جس سے عوام کو خاطر خواہ راحت ملی ہے۔ آج ہم سیاحت کے شعبے کی کی گئی GST

میں کمی سے متعلق رپورٹ پیش کر رہے ہیں۔

**VC Saumya**

GST کی نئی اصلاحات کے تحت حکومت نے بھارت کے سیاحت کے شعبے کو قابل استطاعت بنانے، عوامی نقل وحمل کے وسائل کو فروغ دینے اور دستکاروں اور ثقافتی صنعتوں کی مدد کرنے کیلئے GST میں اہم اصلاحی اقدامات کیے ہیں۔ سات ہزار پانچ سو روپے یومیہ قیمت والے ہوٹل کے کمروں کی GST شرح 12فیصد سے کم کرکے 5فیصد کر دی گئی ہے۔ GST کی شرحوں میں اس کمی سے درمیانی طبقے اور کفایت شعار مسافروں کیلئے ہوٹل کے خرچ میں کمی آئے گی اور یہ بین الاقوامی سیاحوں کو بھی راغب کرے گا۔اسی طرح بھارت کے ثقافتی ورثے کو فروغ دینے کیلئے فن پاروں اور مجسّموں پر GST کم کرکے 5فیصد کر دیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی 10یا اس سے زیادہ سیٹوں والی بسوں کی GST کی شرح 28فیصد سے کم کرکے 18فیصد کر دی گئی ہے۔ اس قدم سے عوامی نقل وحمل کے استعمال کی حوصلہ افزائی ہوگی، جس سے ٹریفک کے مسئلے اور آلودگی میں کمی آئے گی۔ GST میں کی گئی اس تخفیف کا مقصد بھارتی سیاحتی اور ثقافتی ژعبے کو تقویت پہنچانا ہے۔

Saumya کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اصغر علی

## Seva Parv Operation Sindoor

وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت، سیوا اور سُساشن یعنی عوامی خدمات اور اچھی حکمرانی کے منتر کی روشنی میں یکسر تبدیلی اور ترقی کیلئے انتھک کام کرتی رہی ہے۔آج کی اس خصوصی سیریز میں ہم بتا رہے ہیں کہ کس طرح مودی حکومت نے آپریشن سندور کے ذریعے ملکی سلامتی، فوجی قوت اور دیسی ٹیکنالوجی میں مہارت کے غیر متزلزل عزم کا مظاہرہ کیا ہے۔

**Capsule**

آج کا بھارت نہ صرف امن پسند ملک بلکہ ایک مضبوط، فیصلہ کن اور تکنیکی طور پر خود کفیل عالمی قوت کے طور پر جانا جاتا ہے۔لوک سبھا میں آپریشن سندور پر خصوصی بحث کے دوران وزیر اعظم نریندر مودی کے یہ الفاظ عالمی سطح پر بھارت کی بدلتی ہوئی تصویر کو مزید واضح کرتے ہیں۔

**S/B Prime Minister**

22اپریل کو جموں وکشمیر کے پہلگام میں دہشت گردانہ حملے کے بعد بھارت نے چھ اور سات مئی کی نصف شب میں آپریشن سندور کی شروعات کی تھی۔ بھارتی فوج نے مختصر وقت میں پاکستان اور پاک مقبوضہ کشمیر کے 9دہشت گردانہ ٹھکانے کو تباہ کردیئے تھے۔ پیغام واضح تھا : بھارت نے ضرورت پڑنے پر تیز اور درست کارروائی کی ہے۔آپریشن سندور کے دوران بھارتی مسلح افواج کی قوت اور تکنیکی مہارت کا مظاہرہ کیا تھا۔ بھارت میں تیار فضائی دفاعی نظام اور برہموس میزائل نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا جبکہ دیسی ڈرونز اور اے آئی پر مبنی نظام نے بے مثال صلاحیت کا مظاہرہ کیا۔ پاکستان کے دفاعی نظام اور اہم اسٹریٹیجک تنصیبات کی تباہی، بھارت کی بڑھتی ہوئی فوجی قوت کا ثبوت ہے۔کانپور سے تعلق رکھنے والے شبھم دویدی کی اہلیہ جن کے شوہر کی پہلگام دہشت گردانہ حملے

میں موت ہوگئی تھی، نے آپریشن سندور شروع کرنے کیلئے وزیر اعظم کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور اسے اپنے آنجہانی شوہر کی قربانی کیلئے ایک خراج عقیدت بتایا۔

**S/B Shubham Dwivedi Wife**

آپریشن سندور نہ صرف بھارت کی فوجی اور تکنیکی قوت کا مظاہرہ تھا بلکہ انصاف کی ایک نئی صورت کا بھی مظاہرہ تھا۔ جیسا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آپریشن سندور ابھی ختم نہیں ہوا ہے بلکہ اسے ابھی کیلئے روکا گیا ہے۔ اور اگر پاکستان کی مدد سے دوبارہ کوئی دہشت گردانہ حملہ ہوتا ہے تو بھارت اس سے بڑا حملہ کرکے اس کا جواب دے گا۔x

## MY Bharat Mandaviya

کھیل کود اور نوجوانوں کے امور کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے آج نئی دلّی میں ’’میرا بھارت قومی پرچم کوئز‘‘ کے اُن فاتحین کا خیر مقدم کیا جو سیاچین کے دورے سے واپس آئے ہیں۔ 25فاتحین کے گروپ نے 26ستمبر سے یکم اکتوبر تک سیاچین بیس کیمپ کا سفر کیا تھا۔ وزیر موصوف کے ساتھ بات چیت میں فاتحین نے اپنے تجربات بیان کئے جس میں انھوں نے سپاہیوں کے مابین بہادری، نظم ونسق اور قربانی کے جذبے کو اجاگر کیا۔x

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے کل سے بہار میں بہت تیز سے انتہائی تیز بارش کے سلسلے میں ریڈ کلر کی وارننگ جاری کی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے آسام، میگھالیہ، چھتیس گڑھ، مشرقی مدھیہ پردیش، مشرقی اترپردیش، جھارکھنڈ، اڈیشہ، سکّم اور مغربی بنگال میں بھی، کل تیز سے بہت تیز بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اروناچل پردیش، ساحلی آندھرا پردیش، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ، تمل ناڈو، پڈوچیری اور کرائیکل میں بھی اِسی طرح کی صورتحال کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ اِدھر ساحلی آندھرا پردیش، مشرقی اترپردیش اور گنگائی مغربی بنگال میں گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے اور تیز ہوائیں چلنے کی توقع ہے۔ IMD نے دلّی این سی آر میں اگلے چوبیس گھنٹے میں گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ x

## Test Series

احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں ویسٹ انڈیز کے کے ساتھ پہلے ٹیسٹ کے پہلے دن آج کا کھیل ختم ہونے تک بھارت نے 2وکٹ پر 121رن بنا لئے تھے۔ آج کھیل کے اختتام کے وقت K.L راہل 53اور شبھمن گل 18رن پر کھیل رہے تھے، جبکہ بھارت، ویسٹ انڈیز کے مجموعی اسکور سے 41رن پیچھے تھا۔ مہمان ٹیم کو محض 45ویں اوورز میں 162رن کے کم اسکور پر آؤٹ کرنے کے بعد بھارت کے سلامی بلے باز یشسوی جیسوال 36رن بنا کر آؤٹ ہوگئے۔ اس کے بعد سائی سدرشن 7رن بنا کر آؤٹ ہوگئے۔اس سے پہلے تیز گیند باز محمد سراج اور جسپریت بُمرا نے مل کر ویسٹ انڈیز کے 7 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ x

☆☆☆☆☆☆